## پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے والد حسنین والا گوہر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔ 21 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے والد جناب حسنین والا گوہر کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے محترمہ فوزیہ وہاب اوران کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم حسنین گوہر کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگوار اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔

## پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے والد حسنین والا گوہر کے انتقال پر قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر رضوی کا اظہار تعزیت

اسلام آباد۔۔۔ 21اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اورقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر رضوی نے پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب کے والد جناب حسنین والا گوہر کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں ڈاکٹر فاروق ستار اور حیدر رضوی نے قومی اسمبلی کے تمام حق پرست ارکان کی جانب سے محترمہ فوزیہ وہاب اورانکے تمام سوگوار اہل خانہ سے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حسنین والا گوہر مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## لانڈھی میں حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کا سوئم اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز اور کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔ 21، اپریل 2008ء

لانڈھی میں مسلح حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکنان شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کے سوئم کے اجتماعات آج منعقد ہوئے جن میں شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ شیخ مقبول شہید کا سوئم نارتھ کراچی میں واقع نورالحرم مسجد میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت، حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ عبدالرزاق شہید کے سوئم کا اجتماع لانڈھی یونٹ 89 میں واقع مسجد وسطیٰ میں ہوا جس رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری ایڈوکیٹ، شاہد لطیف، حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ دارا، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن نعمان احمد صدیقی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔ 21، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن نعمان احمد صدیقی کے گلے میں کینسر کے باعث انتقال کر جانے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان مقبول شیخ اور عبدالرزاق کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، اراکین قومی اسمبلی
## کارکنان وحق پرست عوام حقیقی دہشت گردوں کی تمام تر دہشت گردیوں کے باوجود پرامن رہیں

کراچی۔۔۔21،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے مسلح حقیقی دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کر کے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکنان شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید اکے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں شہر کا امن تہہ وبالا کرنا چاہتے ہیں اور وہ اپنے گھناؤنے مقاصد کیلئے ایم کیوایم کے کارکنوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں۔حقیقی دہشت گردوں نے لانڈھی میں جس طرح ایم کیوایم کے کارکنوں پر گولیاں برسائی ہیں وہ علاقے کے عوام نے بھی اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔اسی طرح کل رنچھوڑ لائن میں ایم کیوایم کے کارکن رضوان کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا گیا۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ تمام تر دہشت گردی کے باوجود ایم کیوایم شہر میں قیام امن کیلئے کوششیں کر رہی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ حقیقی دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے پے در پے قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور انہیں گرفتار کر کے قرار واقعی سزادی جائے۔حق پرست ارکان نے کارکنان وحق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ حقیقی دہشت گردوں کی تمام تر دہشت گردیوں کے باوجود پرامن رہیں اور شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ناکام بنادیں۔

## جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما لیاقت بلوچ نے ڈاکٹر فاروق ستار کے والد کے انتقال پر گھر جا کر تعزیت کی

کراچی۔۔۔21،اپریل2008ء

جماعت اسلامی پنجاب کے مرکزی رہنما لیاقت بلوچ نے اتوار کے روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور ان سے ان کے والد عبدالستار نور محمد پیروانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن اور فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن نعمان احمد صدیقی اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 153 کے کارکن محمد صادق کی والدہ محترمہ صبیحہ ثروت کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)۔

## سرجانی ٹاؤن یونٹ 7 کے محمد وسیم نامی جرائم پیشہ شخص سے متحدہ قومی موومنٹ کا کوئی تعلق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔21،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سرجانی ٹاؤن یونٹ 7 کے رہائشی محمد وسیم ولد یامین سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور واضح کیا ہے کہ مذکورہ فرد کا متحدہ قومی موومنٹ سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محمد وسیم ولد یامین نامی شخص خود کو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرتا ہے اور جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ملوث ہے لہٰذا محمد وسیم نامی جرائم پیشہ شخص سے ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس کا قطعی طور پر متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے کارکن بشیر مغل، لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن سید عامر علی اور کورنگی سیکٹر کے کارکن اسماعیل قریشی کو خارج ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن عمران کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔21،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ C-134 کے معطل کارکن بشیر مغل ولد اکبر مغل کو تنظیم کی بنیادی کنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن سید عامر علی ولد آصف علی اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن اسماعیل قریشی ولد یوسف قریشی کو بھی تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی کے باعث تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 167 کی یونٹ کمیٹی کے رکن عمران ولد محمد عرفان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ خارج اور معطل افراد سے کسی بھی قسم کا کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆